e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW روزنامہ
# اودھ نامہ
# avadhnama

Rs.3/- Vol- 24 , Issue, 194 Friday , April 18 2025 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلدنمبر(۲۴)شمارہ نمبر(۱۹۴)لکھنؤ،بروز جمعہ ۱۸-اپریل ۲۰۲۵ء،مطابق ۱۹/شوال المکرم -۱۴۴۶ھ صفحات-۸

## امریکہ نے ایرانی تیل کی کمپنیوں، آئل ٹینکرز پر پابندیاں لگادیں

واشنگٹن۔ (یو این آئی) امریکی محکمہ خزانہ کی جانب سے ایران امریکا مذاکرات کے دوران دباؤ بڑھانے کے لئے بعض ایرانی تیل کی شپنگ کمپنیوں، آئل ٹینکرز پر پابندیاں لگائی ہیں۔غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق امریکی محکمہ خزانہ کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ امریکا کی نئی پابندیوں میں چین میں کام کرنے والی آزاد چھوٹی آئل ریفائنریز شامل ہیں۔امریکی محکمہ خزانہ کے بیان کے مطابق چین میں کام کرنے والی آئل ریفائنریز 1 ارب ڈالر سے زائد کے ایرانی خام تیل کی خریداری میں شامل ہیں۔خبر ایجنسی کے مطابق چین ایرانی تیل کا سب سے بڑا درآمد کنندہ ہے، چین ایران پر امریکی پابندیوں کو تسلیم نہیں کرتا، چین اور ایران کے درمیان تجارت زیادہ تر ڈالر کے بجائے چینی کرنسی میں کی جاتی ہے۔ دونوں ممالک دوطرفہ تجارت درمیانی افراد کے نیٹ ورک کے ذریعے کرتے ہیں۔

## یوگی حکومت کا بڑا فیصلہ، یوپی میں کم ہوسکتا ہے بسوں کا کرایہ

لکھنؤ۔ ریاستی حکومت ماحول دوست صاف ایندھن والی بسوں کے شہری ٹرانسپورٹ کو وسعت دینے جارہی ہے۔ اس کے لیے پرائیویٹ ای بس آپریٹروں کو بھی سٹی بس سروس میں موقع دیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بڑے شہروں سے قریب قصبوں تک ای بس سروس چلانے کی ہدایات دی ہیں۔ کہا گیا ہے کہ عوامی مفاد میں بسوں کے کرایوں کو ریگولیٹ کیا جائے۔ بسوں کے لیے پارکنگ کی جگہ طے کی جائے اور روٹس طے کیے جائیں۔ وزیر اعلیٰ نے محکمہ شہری ترقیات کی طرف سے چلائے جارہے منصوبوں کا جائزہ لیا اور مستقبل کے ایکشن پلان کے بارے میں رہنما خطوط دیے۔ اس وقت 15 شہروں میں 700 الیکٹرک بسیں چل رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ 15 سال سے زائد ڈیزل سی این جی بس استعمال نہ ہونے دی جائے۔

# نئے وقف قانون پر سپریم کورٹ کی عارضی روک

### سپریم کورٹ نے جواب داخل کرنے کے لیے حکومت کو دی 7 دنوں کی مہلت، اگلی سماعت تک کوئی تقرری نہیں، وقف کی موجودہ حیثیت میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے




نئی دہلی ، 17اپریل (یواین آئی) سپریم کورٹ میں نئے وقف ترمیمی ایکٹ کو چیلنج کرنے والی عرضیوں پر آج بھی سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران حکومت نے عدالت کو یقین دلایا کہ سنٹرل وقف کونسل اور وقف بورڈ میں کسی غیر مسلم کی تقرری نہیں کی جائے گی، جبکہ عدالت نے کہا کہ وقف بائی یوزر جو جائیداد 1995 کے قانون کے تحت درج کی گئی ہے اسے چھیڑا نہ جائے۔ حکومت نے یہ بھی کہا کہ موجودہ وقف املاک پر کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ سپریم کورٹ نے ابھی تک اس معاملے میں کسی قسم کا التوا یا حکم امتناعی نہیں دیا ہے۔ حکومت سے اس پورے معاملے میں سات دن کے اندر جواب دینے کو کہا گیا ہے۔ اس معاملے کی اگلی سماعت اب 5 مئی سے شروع ہونے والے ہفتے میں ہوگی۔ سالیسٹر جنرل تشار مہتا جو مرکزی حکومت کی طرف سے پیش ہوئے، عدالت کو یقین دلایا کہ وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کی کچھ دفعات پر فی الحال عمل درآمد نہیں کیا جائے گا۔ چیف جسٹس کھنہ نے کہا، ''سماعت کے دوران، سالیسٹر جنرل نے کہا کہ حکومت سات دن کے اندر اپنا جواب دینا چاہتی ہے، انہوں نے یہ بھی یقین دلایا کہ وقف کونسل یا بورڈ میں کوئی نئی تقرری نہیں کی جائے گی۔ اگلے احکامات تک، وقف میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی، جس میں وقف بائی یوزر بھی شامل ہے، جو پہلے سے وقف کے تحت رجسٹرڈ ہیں، ان میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی اور نہ ہی متعلقہ کلکٹران میں کوئی تبدیلی کرے گا ۔ہم یہ بیان ریکارڈ میں درج کرتے ہیں ۔'' پریم کورٹ نے کل نئے وقف ترمیمی قانون کے خلاف تقریبا 73 عرضداشتوں پر سماعت کرتے ہوئے کئی نکات پر مرکزی حکومت سے جواب طلب کیا تھا اور ساتھ ہی کہا تھا کہ وہ اس قانون کی کچھ شقوں پر روک لگاسکتی ہے۔

یہ امکان ظاہر کیا جارہا تھا کہ عدالت عظمی، اس سلسلے میں اس قانون کی جو کچھ دفعات ہیں جن میں غیر مسلموں کی سنٹرل وقف کونسل اور وقف بورڈ میں نامزدگی اور وقف جائیدادوں کے تعلق سے کلکٹرز کے رول کے بارے میں جو تنازعات ہیں، اس پر روک لگاسکتی ہے۔ عدالت عظمی کی تین رکنی بنچ نے اس سلسلے میں کل کوئی حکم امتناعی جاری نہیں کیا تھا اور سماعت آج کے لیے ملتوی کردی تھی ۔ دوران سماعت عدالت نے کہا تھا کہ وہ وقف قانون کے بارے میں آرڈر پاس کرسکتی ہے تاکہ اس میں متاثرہ پارٹی کے جو خدشات ہیں انھیں دور کیا جاسکے ۔عدالت نے سماعت کے دوران یہ بھی کہا تھا کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ صدیوں پرانی وقف جائیدادوں کا رجسٹریشن ہو جن میں بہت ساری مساجد اور دوسری تاریخی عبادت گاہیں شامل ہیں ۔ سماعت کے دوران عدالت نے مرکزی حکومت کے وکیل سے یہ سوال بھی پوچھا تھا کہ کیا وہ ہندوؤں کی عبادت گاہوں اور ٹرسٹوں میں غیر ہندوؤں کو نمائندگی دیں گے ۔ چیف جسٹس نے تشار مہتہ سے پوچھا تھا کہ کیا مسلمان ہندو ٹرسٹ کے ممبر بن سکتے ہیں۔

اس سے قبل عرضی گزاروں کی پیروی کرنے والے سینئر ایڈوکیٹ کپل سبل نے عدالت کو بتایا کہ'' وقف ایک مذہبی معاملہ ہے اور یہ اسلام کی روح سے وابستہ ہے ۔انھوں نے کہا کہ وقف ترمیمی قانون غیر آئینی اور مسلمانوں کے مذہبی امور میں سراسر مداخلت ہے ۔انھوں نے عدالت میں دلیل دی کہ دیگر طبقات کے مذہبی اداروں میں مسلمانوں کی شرکت نہیں تو پھر مسلمانوں کے اوقاف میں غیر مسلم ممبران کی موجودگی ضروری کیوں قرار دی گئی ۔کلکٹر کو جج کا اختیار کیوں دیا گیا اور وہ اپنے ہی مقدمہ کا فیصلہ کیسے کریگا۔''سپریم کورٹ میں مسلم پرسنل لا بورڈ ، جمعیۃ علماہند(مولانا ارشد مدنی )،کانگریس ممبر پارلیمنٹ محمد جاوید،ڈی ایم کے،سی پی آئی ، مجلس اتحادالمسلمین کے سربراہ اسدالدین اویسی، جمعیۃ علماہند کے صدر مولانا محمود مدنی، سمستھ کیرالہ جمعیۃ علما،ممبران پارلیمنٹ منوج کمار جھا، سماج وادی پارٹی کے ایم پی ضیاالرحمن ،مہوا موئترا ،انڈین یونین مسلم لیگ، عام آدمی پارٹی کے امانت اللہ خان، تمل اداکار وجے، ایسوسی ایشن فار پروٹیکشن آف سول رائٹس اور دیگر درجنوں اہم شخصیات اور تنظیموں نے عرضیاں داخل کی ہیں۔

### اگلی سماعت، پانچ مئی کی تاریخ مقرر

سپریم کورٹ میں اس قانون کے خلاف مجموعی طور پر 73 رِٹ عرضیاں دائر کی گئی ہیں، جن میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ترمیم شدہ قانون کے تحت وقف املاک کا نظم ونسق غیر معمولی انداز میں کیا جائے گا اور یہ قانون مسلمانوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی کرتا ہے۔

اگلی سماعت پانچ مئی کو مقرر کی گئی ہے اور صرف پانچ بنیادی عرضی گزاروں کو اس میں پیش ہونے کی اجازت ہوگی۔ سپریم کورٹ کے اس عبوری فیصلے کو وقف سے متعلقہ امور میں ایک اہم پیش رفت تصور کیا جارہا ہے، کیونکہ اس سے نہ صرف موجودہ حیثیت برقرار رہے گی بلکہ کسی بھی ممکنہ نئی تقرری یا تبدیلی پر فی الحال پابندی عائد ہوگئی ہے۔

### مکمل کامیابی تک جدوجہد جاری رہے گی، مسلم پرسنل لا بورڈ کا اعلان

نئی دہلی۔سپریم کورٹ کے عبوری فیصلہ پر آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ نے قدرے اطمینان کا اظہار کیا۔بورڈ کے صدر مولانا خالد سیف اللہ رحمانی نے اپنے بیان میں کہا گوکہ حکومت کے ذریعہ لائی گئی تمام ہی ترمیمات متنازعہ اور قابل اعتراض ہیں، جوکہ وقف املاک کو ہڑپنے کے مقصد سے لائی گئی ہیں تاہم اپنے عبوری فیصلہ میں عدالت عظمی نے وقف املاک میں کسی بھی قسم کی چھیڑ چھاڑ پر روک لگادی ہے، چاہے وہ آراضی رجسٹرڈ ہوں یا غیر رجسٹرڈ، نوٹیفائڈ ہوں یا بطور استعمال وقف ہوں۔اگر یہ روک نہ لگتی تو اس بات کا اندیشہ تھا کہ فیصلہ آنے سے پہلے وقف بائی یوزر (بطور استعمال وقف) کے ساتھ دست درازی ہوتی۔صدر بورڈ نے عدالت عظمی کے عبوری فیصلہ پر آگے کہا کہ وقف بورڈوں اور سینٹرل وقف کونسل کے ممبران کی نامزدگی پر بھی عدالت عظمی نے روک لگادی۔عبوری ہی سہی اس فیصلہ نے بھی حکومت کے ان شرانگیز عزائم پر روک لگادی،جس کے ذریعہ وہ ان بااختیار اداروں میں اپنے پٹھوں کو بٹھا کر کھیل کھیلنا چاہتی تھی۔یہ فیصلہ دراصل امت کی متحدہ جدوجہد کا نتیجہ ہے۔

## نیا قانون وقف کے لئے سنگین خطرہ: مولانا محمود مدنی

نئی دہلی۔سپریم کورٹ آف انڈیا نے وقف (ترمیمی) ایکٹ 2025 کے خلاف دائر مختلف عرضیوں پر سماعت کی۔ اس مقدمے میں صدر جمعیۃ علماء ہند مولانا محمود اسعد مدنی کی نمائندگی سینئر ایڈوکیٹ راجیو دھون اور ایڈوکیٹ آن ریکارڈ منصور علی خاں نے کی۔اس موقع پر مولانا محمود مدنی نے سپریم کورٹ کے اس عبوری حکم پر کہا کہ یہ قانون وقف کے لئے سنگین خطرہ ہے، اس کا مقصد صرف وقف جائیدادوں کی حیثیت بدلنا اور اس پر قبضہ جمانا ہے، اس لیے اس قانون پر حتمی اور سخت فیصلہ کی امید کی جارہی ہے۔انھوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے اصولی طور پر ان خدشات کو تسلیم کیا ہے جو ہماری طرف سے پیش کئے گئے بالخصوص غیر مسلموں کی شمولیت بلکہ اکثریت اور وقف بائی یوزر کا خاتمہ اور کلکٹر کے ذریعہ وقف کی حیثیت بدلنے کی غیر آئینی کوششیں۔یہ صرف ہمارے خدشات نہیں ہیں بلکہ آج ملک کا ہر دانشور طبقہ اسے تسلیم کررہا ہے، یہی وجہ ہے کہ اس ایکٹ کے خلاف ہر گوشے سے صدائے احتجاج بلند ہوئی ہیں اور لگاتار ہورہی ہیں۔

## وقف ترمیمی قانون کے خلاف جنگ جاری رہے گی: اویسی

نئی دہلی: سپریم کورٹ میں وقف ایکٹ کی سماعت پر، اے آئی ایم آئی ایم کے رکن پارلیمنٹ اسدالدین اویسی نے کہا کہ، ہم اس قانون کو غیر آئینی سمجھتے ہیں۔کورٹ نے کہا ہے کہ سینٹرل وقف کونسل اور ریاستی وقف کونسل کی تشکیل نہیں کی جائے گی، اور یوزر کے ذریعہ وقف کو حذف نہیں کیا جاسکتا۔اویسی نے سپریم کورٹ میں سماعت کے بعد میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے مزید کہا کہ، جے پی سی کی بحث کے دوران، میں نے بل کی مخالفت کرتے ہوئے ایک رپورٹ پیش کی تھی۔

### اب دہلی میں بھی اتر پردیش والا اصول نافذ

## بغیر اجازت لاؤڈ اسپیکر کے استعمال پر لگے گا جرمانہ



نئی دہلی۔اتر پردیش کے بعد اب دہلی میں بھی لاؤڈ اسپیکر کے استعمال سے متعلق سخت ہدایات جاری کی گئی ہیں۔دہلی پولیس نے لاؤڈ اسپیکر کے لیے نئے اصول جاری کیے ہیں، جس کے مطابق مذہبی مقامات سمیت سبھی جگہوں پر مقررہ ڈیسی بل (ڈی بی) حد پر عمل کرنا لازمی ہوگا۔ساتھ ہی بغیر اجازت لاؤڈ اسپیکر کا استعمال ممنوع قرار دیا گیا ہے، جس کی خلاف ورزی پر سخت جرمانہ لگایا جائے گا۔نئے اصولوں میں صنعتی، رہائشی اور سائلنٹ زون کے لیے الگ الگ صوتی حدیں مقرر کی گئی ہیں۔ ٹینٹ ہاؤس سے بھی لاؤڈ اسپیکر لینے کے لیے پولیس کی اجازت لازمی ہوگی۔ پولیس کے ذریعہ جاری ہدایت میں بتایا گیا ہے کہ عوامی مقامات پر آواز کی سطح زیادہ سے زیادہ 10 ڈی بی (اے) تک ہی محدود ہوگی۔ ذاتی ملکیت والے صوتی سسٹم کی آواز مقررہ حد سے 5 ڈی بی (اے) سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ ہدایت میں انڈسٹریل ایریا میں صبح 6 بجے سے رات 10 بجے تک 75 ڈی بی آواز کی اجازت اور رات 10 بجے سے صبح 6 بجے تک 70 ڈی بی آواز کا پیمانہ طے کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ رہائشی علاقوں میں صبح 6 بجے سے رات 10 بجے تک 55 ڈی بی آواز کی اجازت ہوگی، اور رات 10 بجے سے صبح 6 بجے تک 45 ڈی بی آواز کی سطح مقرر کی گئی ہے۔سائلنس زون میں صبح 6 بجے سے رات 10 بجے تک 50 ڈی بی آواز کی اجازت ہوگی، جبکہ رات 10 بجے سے صبح 6 بجے تک آواز کی حد 40 ڈی بی مقرر کی گئی ہے۔دہلی پولیس کے ذریعہ جاری حکم میں کہا گیا ہے کہ سبھی ٹینٹ، لاؤڈ اسپیکر اور جنریٹر فراہم کرنے والوں کو واضح ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ مقامی پولیس کی تحریری اجازت کے بغیر صارفین کو سامان نہ دیں۔ ضلع ڈی سی پی کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ ایسے سامان مہیا کرانے والے سبھی اصولوں پر عمل کریں اور ایسا نہ کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کریں۔دہلی پولیس نے اصول توڑنے والوں کے لیے جرمانہ بھی طے کیا ہے۔ لاؤڈ اسپیکر پبلک ایڈریس سسٹم کے نامناسب استعمال پر 10 ہزار روپے کا جرمانہ اور سامانوں کی ضبطی ہوگی۔ ڈی جی سیٹس (جنریٹر سیٹس) پر حدِ اصول کے مطابق جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ 1000 کے وی اے سے زیادہ پر 100000 روپے، 62.5-1000 کے وی اے پر 25 ہزار روپے، 32.5 کے وی اے تک پر 10 ہزار روپے اور آواز پیدا کرنے والے سامانوں کے استعمال پر جرمانہ 50000 روپے اور سامانوں کی ضبطی یا سیلنگ ہوگی۔ پٹاخوں پر طے حد کے باہر پھوڑنے کی صورت میں کارروائی ہوگی۔

## مرشد آباد اور بنگلہ دیش پر خاموشی سے بے نقاب ہوا اپوزیشن: سی ایم یوگی



لکھنؤ۔(یواین آئی) وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے جمعرات کو کہا کہ بنگال کے مرشد آباد اور بنگلہ دیش میں ہندوؤں پر ہوئی بربریت پر اپوزیشن نے خاموشی اختیار کرکر خود کو بے نقاب کردیا ہے۔ یوگی نے یہاں پروگرام میں کہا کہ مرشد آباد اور بنگلہ دیش کی واردات پر اپوزیشن کی خاموشی نے انہیں چوراہے پر ننگا کھڑا کردیا ہے۔ گذشتہ حکومتوں پر ریاست میں بدعنوانی، ذات واد اور مافیا واد کو بڑھاوا دینے کا الزام لگاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جن لوگوں نے اسکیمات میں گھپلے کے لندن میں ہوٹل بنائے وہی لوگ ریاست کو لوٹنے اور ذات پات میں تقسیم کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ کرپشن، ذات پرستی، مافیا اور اقربا پروری کے ذریعے اپنی سلطنت بنانے والے اب مرشد آباد جیسے معاملات پر خاموش ہیں۔ بنگلہ دیش کے واقعات پر ان کی خاموشی نے انہیں چوراہے پر ننگا کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت نے یوپی کو فسادات اور مافیا سے پاک کردیا ہے۔ اس سے پہلے ہر ضلع میں مافیا پورے نظام کو کنٹرول کرتا تھا، ٹھیکے لیتا تھا، فسادات کرواتا تھا اور خواتین اور تاجروں کو ہراساں کرتا تھا۔ تہواروں میں لوگ خوفزدہ رہتے تھے۔ اب یوپی میں تہوار پر امن اور شان وشوکت کے ساتھ منائے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج مرشد آباد کی حالت وہی ہے جو یوپی کے مظفر نگر، بریلی، علی گڑھ اور لکھنؤ جیسے شہروں کی ہوا کرتی تھی۔ وزیر اعلی نے مشرقی اتر پردیش میں انسیفلائٹس جیسی مہلک بیماری کے خاتمے کو اپنی حکومت کی ایک بڑی کامیابی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ 40 سال میں 50 ہزار بچے اس بیماری کی وجہ سے جاں بحق ہوئے، ان بچوں میں سے زیادہ تر کا تعلق اقلیتی برادری سے تھا، لیکن کسی لیڈر نے آنسو نہیں بہائے۔ اپوزیشن نے کبھی انسیفلائٹس کی بیماری پر توجہ نہیں دی کیونکہ بچے ووٹ بینک نہیں ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پہلے ایک ضلع میں ایک مافیا ہوا کرتا تھا، آج ایک ضلع میں ایک میڈیکل کالج ہے اور ریاست کی صحت کی خدمات میں بہتری آئی ہے۔ پوروانچل ایکسپریس وے کی مثال دیتے ہوئے یوگی نے کہا کہ اس کا سنگ بنیاد بغیر کسی تیاری کے 2016 میں رکھا گیا تھا۔ تب 200,15 کروڑ روپئے کا یہ پروجکٹ بے ضابطگیوں سے بھرا ہوا تھا جبکہ ان کی حکومت نے اسے منسوخ کردیا اور پروجیکٹ کو دوبارہ ڈیزائن کیا اور پورے پروجیکٹ کو صرف 11,800 کروڑ روپئے میں پورا کیا، جس سے عوام کے پیسے کی لوٹ روکی گئی۔ یہ وہیں پیسہ ہے جسے لوٹ کر انگلینڈ میں ان کے ہوٹل بنتے ہیں۔

### بہار اسمبلی انتخابات کی سرگرمیاں تیز

## مہا گٹھ بندھن کی کوآرڈینیشن کمیٹی قائم، تیجسوی یادو کو ملی قیادت



پٹنہ (ایجنسی) بہار اسمبلی انتخاب میں چند ماہ باقی ہیں۔ اس کے پیش نظر سیاسی سرگرمیاں دن بہ دن تیز ہوتی جارہی ہیں۔ مہا گٹھ بندھن کی پارٹیوں نے تو آج (17 اپریل) ایک اہم میٹنگ کی جس میں کچھ بڑے فیصلے لیے گئے۔ یہ میٹنگ تقریباً 3 گھنٹے تک چلی، جس میں تمام حلیف جماعتوں کے لیڈران نے شرکت کی۔ میٹنگ کے بعد ایک مشترکہ پریس کانفرنس ہوئی، جس میں کانگریس کے بہار انچارج کرشنا الاورو اور بہار اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر تیجسوی یادو نے انتخابی حکمت عملیوں کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی۔ پریس کانفرنس میں مہا گٹھ بندھن کی تمام حلیف جماعتوں نے اپنی باتیں رکھیں۔ تیجسوی یادو نے کہا کہ ہر ایک مسئلہ پر عوام کے درمیان مضبوطی سے جائیں گے اور عوام کی حکومت بنائیں گے۔

کانگریس بہار انچارج کرشنا الاورو نے کہا کہ ''ہم عوامی مسائل پر عوام کی آواز بن کر نریندر مودی، امت شاہ اور وزیر اعلیٰ نتیش کمار سے سوال کریں گے۔ مہم کی کیا حکمت عملی ہوگی، کم از کم مشترکہ پروگرام کیا ہوگا، مشترکہ انتخابی منشور کیسے تیار کیا جائے گا، ضلع اور بلاک کی سطح پر کوآرڈینیشن کیسے ہوگا اور ووٹرس لسٹ میں ہونے والی دھاندلی کو کیسے روکا جائے گا... ہم ان تمام ایشوز پر خاکہ تیار کریں گے اور پھر اسے مضبوطی سے نافذ کریں گے۔ کوآرڈینیشن کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، جس کی قیادت تیجسوی یادو کریں گے۔'' بار بار وزیر اعلیٰ کے چہرے کے سوال پر کانگریس بہار انچارج کرشنا الاورو نے کوئی جواب نہیں دیا۔ حالانکہ یہ اشارہ ضرور مل رہا ہے کہ جب کوآرڈینیشن کمیٹی کی قیادت تیجسوی یادو کو ملی ہے تو عین ممکن ہے مہا گٹھ بندھن کی قیادت بھی وہی کریں گے۔ پشوپتی پارس کے سوال پر تیجسوی یادو نے کہا کہ ابھی مزید میٹنگیں ہوں گی، اس میں جو طے ہوگا بتایا جائے گا۔ بہار کی نتیش حکومت پر تنقید کرتے ہوئے تیجسوی یادو نے کہا کہ ''20 سال سے بہار سب سے غریب ہے۔ 2 کروڑ لوگ بہار چھوڑ کر ہجرت کر چکے ہیں، بے روزگاری، جرائم اور ہجرت میں ریاست نمبر 1 ہے۔ مجرمین بے لگام ہو چکے ہیں، جرائم بڑھتے جارہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بیہوشی کی حالت میں ہیں، لیکن وزیر اعظم نریندر مودی اور امت شاہ کو جواب دینا چاہیے، جو ہمیشہ بہار آتے رہتے ہیں۔''

## اقوام متحدہ میں بھی یونیفارم سول کوڈ نافذ کرانے کی کوشش کررہا ہندوستان، 3 ممالک کا تعاون حاصل

جنیوا/نئی دہلی (ایجنسی) ایک طرف ہندوستان میں یونیفارم سول کوڈ یعنی یو سی سی پر گھمسان مچا ہوا ہے، اور دوسری طرف ہندوستان نے اقوام متحدہ سیکورٹی کونسل میں بھی یو سی سی نفاذ کی کوششیں شروع کر دی ہیں۔ اس کے لیے ہندوستان کو 3 ممالک کا تعاون بھی حاصل ہو چکا ہے۔ دراصل ہندوستان نے ترمیم شدہ اقوام متحدہ سیکورٹ کونسل میں نمائندگی کی بنیاد کے طور پر مذہب وعقیدہ جیسے نئے پیمانوں کو شامل کرنے سے متعلق کوششوں کی تنقید کی ہے۔ اس نے کہا ہے کہ یہ علاقائی نمائندگی کے منظور شدہ بنیاد کے پوری طرح منافی ہے۔ اقوام متحدہ میں ہندوستان کی مستقل نمائندہ سفیر پی ہریش نے کہا کہ نمائندگی کے لیے مذہب وعقیدہ جیسے نئے پیمانوں کو بنیاد بنانے کی کوشش علاقائی نمائندگی کے بالکل برعکس ہے، جو اقوام متحدہ میں نمائندگی کے لیے منظور شدہ بنیاد رہی ہے۔ یہ تبصرہ کرنے سے قبل ہریش نے جی- 4 ممالک برازیل، جرمنی، جاپان اور ہندوستان کی طرف سے ایک مشترکہ بیان دیا، جس میں گروپ نے اس بات پر زور دیا کہ علاقائی نمائندگی ایک منظور شدہ رسم ہے، جو اقوام متحدہ میں وقت کی کسوٹی پر کھری اتری ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایسی دلیلیں کہ توسیعی ونئی سیکورٹی کونسل اثردار نہیں ہوگی، حقیقی اصلاحات کو روکنے کی کوشش ہے۔ وہ مزید کہتے ہیں کہ مناسب طریقۂ کار اور جوابدہی نظام پر مبنی نئی کونسل اہم عالمی ایشوز پر مثبت طریقے سے کام کرنے میں اہل ہوگی۔ جی- 4 کا کہنا ہے کہ حال میں اقوام متحدہ کی جو شکل ہے، وہ ایک الگ دور کی ہے، وہ اب موجود نہیں ہے اور حال کی جغرافیائی وسیاسی حالات اس شکل کے تجزیہ کا مطالبہ کرتے ہیں۔ موجودہ وقت میں سیکورٹی کونسل میں 5 مستقل رکن ہیں۔

## سپریم کورٹ نے برطرف اساتذہ کو راحت دی: نئی تقرری کا عمل اس سال کے آخر تک مکمل کرنے کی ہدایت

نئی دہلی۔(یواین آئی) سپریم کورٹ نے مغربی بنگال اسکول سروسیز کمیشن کو ہدایت دی ہے کہ وہ اساتذہ کی نئی بھرتی کے لئے اخباروں میں اشتہارات دے اور ان کی تقرری کے عمل کو اس سال کے آخر تک مکمل کرے۔ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس سنجیو کھنہ نے کہا کہ طلبا کی تعلیم متاثر نہیں ہونی چاہئے۔ عدالت عظمی نے دو ہفتے پہلے 25 ہزار سے زائد اساتذہ کی تقرری کو منسوخ کرتے ہوئے کہا تھا کہ ان میں سے بیشتر تقرریوں میں بے ضابطگیاں ہوئی ہیں۔ ساتھ ہی عدالت نے فیصلہ سنایا ہے کہ جن اساتذہ کی ملازمت ختم کی گئی ہے، وہ نئی تقرری کے عمل میں آجانے تک درس وتدریس کے فرائض بدستور انجام دیتے رہیں گے۔ لیکن اس فیصلے کا اطلاق انہیں پر ہوگا، جن کے خلاف بے ضابطگی کا کوئی بھی ثبوت نہیں ہے۔ سپریم کورٹ کے اس فیصلے سے نویں سے لیکر بارھوں جماعت کے طلبا کو راحت ملے گی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ان تمام نئی تقرریوں کے لئے 31 مئی تک اشتہارات دینے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد نئی بھرتی کا عمل 31 دسمبر تک مکمل ہو جانا چاہئے۔ یہ راحت نان ٹیچنگ اسٹاف کے ملازمین کو نہیں ملے گی کیونکہ اسی زمرے میں تقرری کے عمل میں زیادہ گھپلے ہوئے ہیں۔ اساتذہ کی تقرری کو منسوخ کرنے کے بعد ریاست کا تعلیمی نظام بری طرح متاثر ہوا ہے۔

## 'ٹیرف اب صرف نمبروں کا کھیل، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا'

### ڈونلڈ ٹرمپ کے 245 فیصد ٹیرف پر چین کا طنز




بیجنگ (ایجنسی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے چین پر 245 فیصد ٹیرف عائد کیا گیا ہے۔ ٹیرف میں اس اضافے کے فیصلے پر طنز کستے ہوئے بیجنگ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ کے ذریعہ چینی درآمدات پر عائد کردہ ٹیرف اب مدلل نہیں ہے، اس سے اب زیادہ فرق نہیں پڑتا ہے۔ چین اس تجارتی جنگ میں شامل نہیں ہونا چاہتا ہے، لیکن یہ واضح ہے کہ ہم اس سے ڈرتے بھی نہیں ہیں۔ ایسے تجارتی جنگوں میں کوئی فاتح نہیں ہوتا ہے۔ دوسری جانب ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے لیے گئے اس فیصلے سے واضح ہو گیا ہے کہ کیسے امریکہ دوسروں کو ڈرانے، دھمکانے اور مجبور کرنے کے لیے ٹیرف کا استعمال ایک ہتھیار کے طور پر کرتا ہے۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ''چین کی جانب سے یہ واضح کر دیا گیا ہے کہ امریکہ کی جانب سے اس کے اوپر عائد کیے گئے ٹیرف اب صرف نمبروں کے کھیل بن کر رہ چکے ہیں۔'' انہوں نے اس حوالے سے مزید کہا کہ ''اگر امریکہ ٹیرف کے ساتھ نمبروں کا کھیل کھیلنا جاری رکھتا ہے تو چین اسے نظر انداز ہی کرے گا، کیونکہ اس سے زیادہ فرق نہیں پڑے گا۔ لیکن اگر چین کے حقوق اور مفادات کو امریکہ نقصان پہنچاتا رہا تو چین پوری طاقت سے اس کی مزاحمت کرے گا اور اپنی بات پر قائم رہے گا۔'' چینی وزارت خارجہ کے ترجمان سے جب ٹیرف شرح کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ ''یہ آپ امریکہ سے ہی پوچھیے۔ یہ جنگ امریکہ کی طرف سے شروع کی گئی ہے، ہم صرف امریکہ کے حملوں کا جواب دے رہے ہیں۔ ہم جو بھی قدم اٹھا رہے ہیں وہ بہت ہی منطقی ہے، جب کہ امریکہ کی جانب سے کیے گئے اقدامات غیر منطقی ہیں۔'' قابل ذکر ہے کہ چین اور امریکہ کی لڑائی 2 اپریل کو امریکہ کی جانب سے جاری کی گئی ٹیرف لسٹ کے بعد سے ہی شروع ہو گئی تھی۔ اس لسٹ میں چین کے اوپر 34 فیصد کا ٹیرف عائد کیا گیا تھا، چین نے اس کے جواب میں 34 فیصد جوابی ٹیرف عائد کردیا۔ چین کے اس فیصلے کے بعد ٹرمپ انتظامیہ نے بقیہ تمام ممالک کو ٹیرف میں چھوٹ دے دی لیکن چین کے اوپر 104 فیصد کا ٹیرف عائد کردیا۔ چین نے بھی جواب میں امریکہ کے اوپر گزشتہ ٹیرف میں 50 فیصد کا اضافہ کرکے اسے 84 فیصد کردیا۔ 10 اپریل کو وہائٹ ہاؤس کی طرف سے کہا گیا کہ چین پر اب 145 فیصد ٹیرف ہے۔ چین یہاں پر بھی نہیں رکا اور اس نے 125 فیصد کا جوابی ٹیرف عائد کرتے ہوئے کہا کہ چین کسی کے آگے نہیں جھکے گا۔

## صدر جمہوریہ کو کوئی طاقت ہدایت نہیں دے سکتی: دھنکھڑ

### سپریم کورٹ کے ایک حالیہ فیصلے پر نائب صدر کا اظہارِ فکر



نئی دہلی۔(ایجنسی) عدلیہ کی لامحدود آزادی پر سوال اٹھاتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ نے آج کہا کہ کوئی بھی طاقت کسی بھی بنیاد پر صدر جمہوریہ کو کوئی ہدایت نہیں دے سکتی۔ جگدیپ دھنکھڑ نے سپریم کورٹ کے ایک حالیہ فیصلے پر اپنی فکر کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہندوستان میں ایسی جمہوریت کا تصور نہیں کیا تھا، جہاں جج قانون بنائیں گے اور ایگزیکٹیو ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ یہ دیکھنا فکر انگیز ہوگا کہ جج 'سپر پارلیمنٹ' کی شکل میں کام کریں گے۔ نائب صدر نے یہ بیان سپریم کورٹ کے اس فیصلے کا ذکر کرتے ہوئے دیا جس میں صدر جمہوریہ کو 3 ماہ کے اندر کسی بل پر فیصلہ لینے کی مدت کار طے کی گئی ہے۔ نائب صدر کا کہنا ہے کہ ایسا پہلی مرتبہ ہوا ہے جب صدر کو طے مدت کار میں فیصلہ لینے کے لیے کہا جارہا ہے۔ راجیہ سبھا انٹرن کے ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر نے مذکورہ بالا بیان دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ''ایک حالیہ فیصلے میں صدر جمہوریہ کو ہدایت دی گئی ہے۔ ہم کہاں جارہے ہیں؟ ملک میں کیا ہورہا ہے؟ ہمیں اس تعلق سے بے حد حساس ہونے کی ضرورت ہے۔'' وہ مزید کہتے ہیں کہ ''ہم نے اس دن کا تصور نہیں کیا تھا جہاں صدر جمہوریہ کو طے مدت میں فیصلہ لینے کے لیے کہا جائے گا، اور اگر وہ فیصلہ نہیں لیں گے تو قانون بن جائے گا۔'' نائب صدر دھنکھڑ نے اپنی فکر ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ''اب جج قانون سازی سے متعلق چیزوں پر فیصلہ کریں گے۔ وہی ایگزیکٹیو ذمہ داریاں نبھائیں گے اور سپر پارلیمنٹ کی شکل میں کام کریں گے۔ ان کی کوئی جوابدہی بھی نہیں ہوگی، کیونکہ اس ملک کا قانون ان پر نافذ ہی نہیں ہوتا۔'' جگدیپ دھنکھڑ نے موجودہ حالات پر تشویش ظاہر کرنے کے ساتھ ساتھ کہا کہ ''میں نے اپنی زندگی میں ایسے دن کا تصور نہیں کیا تھا۔'' پھر وہ کہتے ہیں کہ ''صدر جمہوریہ ملک کا سب سے اعلیٰ عہدہ ہے۔ صدر آئین کی حفاظت کا حلف لیتے ہیں، جبکہ اراکین پارلیمنٹ، وزراء، نائب صدر اور ججوں کو آئین پر عمل کرنا ہوتا ہے۔ ہم ایسی حالت نہیں چاہتے، جہاں صدر جمہوریہ کو ہدایات دی جائیں۔'' اس معاملے میں وہ وضاحت پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ''آپ (ججوں) کو صرف آئین کے آرٹیکل 145(3) کے تحت آئین کی تشریح کا حق ہے اور وہ بھی 5 یا اس سے زیادہ ججوں کی آئینی بنچ ہی کرسکتی ہے۔''

